# میرا ایماں ہے علیؑ

میرا ایماں ہے علیؑ ہے میری پہچان حسینؑ
شاہ ولیوں کا علیؑ نبیوں کا سلطان حسینؑ

ہیں بلا فصل یہ دونوں ہی نبیؐ کی زینت
ایک سردارِ جناں ایک قسیمِ جنت
عدلِ اللہ علیؑ عدل کی میزان حسینؑ

چشمِ خالق میں ہیں اِک دوجے کے ہمسر دونوں
ایک نسبت سے ہیں کل نبیوں سے برتر دونوں
نفسِ احمدؐ ہے علیؑ زہراؑ کی ہے جان حسینؑ

سارے عالم کے لئے سارے جہانوں کے لئے
سب زمینوں کے لئے سارے زمانوں کے لئے
رب کی رحمت ہے علیؑ رب کا ہے احسان حسینؑ

یہ تو خود نبیوں کا سلطان گواہی دے گا
ہاں اِسی بات پہ قرآن گواہی دے گا
نقطۂ با ہے علیؑ بولتا قرآن حسینؑ

309

ایک ہے خانۂ کعبہ کا بنانے والا
ایک ہے کلمۂ توحید بچانے والا
ضامنِ کعبہ علیؑ اور نگہبان حسینؑ

ایک نے نبیوں سے ہر لمحۂ مشکل ٹالا
ایک نے فطرس و راہب کا مقدر بدلا
ہے علیؑ امرِ خدا رحمتِ رحمٰن حسینؑ

ایک خالق کی رضاؤں کا خریدار بنا
ایک وہ جس کا خدا آپ طلبگار بنا
یعنی حیدرؑ کی طرح رب کا ہے ارمان حسینؑ

ایک بے زر کو ابوذرؓ ہے بنانے والا
ایک ہے حرؑ کو جہنم سے چھڑانے والا
مہرباں جیسا علیؑ ویسا مہربان حسینؑ

آج بھی دینِ پیمبرؐ یہ صدا دیتا ہے
اب بھی اسلام کا پیکر یہ صدا دیتا ہے
میرا رتبہ ہے علیؑ ہے میرا اعلان حسینؑ

309
نہ تو ڈولا ہے نہ ڈولے گا عقیدہ میرا
رات دن نور علیؑ ہے یہ وظیفہ میرا
میرا مذہب ہے علیؑ ہے میرا ایمان حسینؑ